## ڈاکٹر فاروق ستار اور اراکین رابطہ کمیٹی نے پیر پگارا شاہ مردان شاہ کے انتقال پر سکھر میں ان کی رہائشگاہ جا کر صاحبزادوں سے تعزیت کا اظہار کیا

## 27 جنوری کو سکھر میں ہونے والا جلسہ عام سندھ کے مستقل باشندوں کی یکجہتی کا مظہر ہوگا، ڈاکٹر فاروق ستار کی سکھر ایئر پورٹ پر گفتگو

سکھر۔۔۔22، جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی کے اراکین رضا ہارون، وسیم آفتاب، اشفاق منگی، ڈاکٹر صغیر احمد اور حق پرست وفاقی وزیر بابر خان غوری نے اتوار کے روز مسلم لیگ فنکشنل کے سربراہ پیر پگارا شاہ مردان شاہ کے انتقال پر ان کے صاحبزادوں پیر صبغت اللہ شاہ راشدی (پیر پگارا) اور پیر صدر الدین شاہ راشدی سے سکھر میں ان کی رہائشگاہ پر جا کر دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم سکھر زون کے زونل انچارج قطب الدین اور اراکین بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے پیر پگارا شاہ مردان شاہ کے انتقال پر ان کے صاحبزادوں کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کا تعزیتی پیغام بھی دیا اور کہا کہ پیر پگارا شاہ مردان شاہ کے انتقال پر مریدوں اور عقیدت مندوں کے دکھ اور غم میں ایم کیو ایم بھی برابر کی شریک ہے۔ اس موقع پر انہوں نے پیر پگارا شاہ مردان شاہ کے بلند درجات کیلئے دعا بھی کی۔ قبل ازیں سکھر ایئر پورٹ پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ سندھ دھرتی ماں کی حیثیت رکھتی ہے اور اس کی تقسیم کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اور 27 جنوری کو سکھر میں ہونے والا جلسہ عام سندھ کے مستقل باشندوں کی یکجہتی کا مظہر ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ سندھ کے مستقل باشندوں کو آپس میں لڑانا چاہتے ہیں اور اپنے مذموم عزائم کی تکمیل چاہتے ہیں ان کی شرمناک سازشیں کبھی شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتیں کیونکہ سندھ کے مستقل باشندوں نے اپنے دوستوں اور دشمنوں کو جان لیا ہے اور اب وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں متحد و منظم ہیں۔

## ملتان سے غیر ملکی این جی او کے مغوی جرمن اور برطانوی اہلکار کی بحفاظت بازیابی یقینی بنائی جائے، رابطہ کمیٹی

## این جی او کے اہلکاروں کے اغواء کی واردات نہ صرف افسوسناک ہے بلکہ پاکستان کا امیج دنیا میں خراب کرنے کے مترادف ہے

کراچی۔۔۔22، جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گزشتہ دنوں ملتان سے غیر ملکی این جی او کے جرمن اور برطانوی اہلکار کے اغواء کی واردات پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ مغویان کو فی الفور بازیاب کرایا جائے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ این جی او کے اہلکاروں کے اغواء کی واردات نہ صرف افسوسناک ہے بلکہ پاکستان کا امیج دنیا میں خراب کرنے کے مترادف ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک اور وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ ملتان سے غیر ملکی این جی او کے جرمن اور برطانوی اہلکار کے اغواء کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث اغواء کاروں کو فی الفور گرفتار کر کے مغویان کی بحفاظت واپسی یقینی بنانے کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## انسانی حقوق کے ممتاز اور سرگرم رہنما انصار برنی کو بعض عناصر کی جانب سے دھمکیاں دیئے جانے پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کا اظہار مذمت

## انصار برنی کو تحفظ فراہم کیا جائے۔ صدر، وزیر اعظم، وفاقی وصوبائی وزیر داخلہ، گورنر و وزیر اعلیٰ سندھ سے رابطہ کمیٹی کا مطالبہ

کراچی۔۔۔ 22 جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے انصار برنی ویلفیئر ٹرسٹ کے سربراہ اور انسانی حقوق کے ممتاز اور سرگرم رہنما انصار برنی کو بعض عناصر کی جانب سے دھمکیاں دیئے جانے کے عمل کی شدید مذمت کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے انصار برنی سے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا اور صدر آصف زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر داخلہ منظور وسان سے مطالبہ کیا کہ انصار برنی کو تحفظ فراہم کیا جائے اور جو لوگ انہیں دھمکیاں دے رہے ہیں ان کے خلاف کارروائی کی جائے۔

## بابر خان غوری نے میٹرو ویل کے رہائشی پختون حیات خان کے دل کے عارضے میں مبتلا بچے کی جناب الطاف حسین کی جانب سے عیادت کی

## 6 سالہ معصوم طلحہ عمر خان کے دل میں سوراخ تھا جس پر حیات خان نے علاج کیلئے مالی مدد کی اپیل کی تھی

## حیات خان کی دردمندانہ اپیل پر جناب الطاف حسین نے معصوم طلحہ خان کا علاج کروایا اور وہ صحت یابی ہوکر گھر منتقل ہوگا

کراچی۔۔۔۔22 جنوری،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پرحق پرست وفاقی وزیر برائے پورٹ اینڈ شپنگ بابر خان غوری نے میٹرو ویل کے رہائشی پختون حیات خان کے دل کے عارضے میں مبتلا 6 سالہ معصوم بچے طلحہ خان کی عیادت کی۔طلحہ خان کے دل میں پیدائشی سوراخ تھا جس پر بھاری اخراجات آرہے تھے جبکہ بچے کا والد حیات خان انتہائی غریب ہے اور مقامی مدرسہ میں مہتمم ہیں جس نے بچے کے علاج کیلئے مالی مدد کی اپیل کی تھی۔حیات خان کی دردمندانہ اپیل پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے بچے کا مکمل علاج کروایا جس کے بعد بچہ طلحہ خان مکمل صحتیاب ہوکر اپنے گھر منتقل ہوگیا۔بچے کی گھر منتقلی پر حق پرست وفاقی وزیر بابر خان غوری نے ہفتے کو بچے کے گھر جاکر بچے سے ملاقات کی اور جناب الطاف حسین کی جانب سے اس کی عیادت کی اور خیریت دریافت کی۔اس موقع پر بچے کے والد حیات خان اور دیگر اہل خانہ نے علاج کروانے پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا اور کہا کہ جناب الطاف حسین بلاامتیاز تمام قومیتوں کے رہبر ورہنماء ہیں جنہوں نے پختون خاندان کا ساتھ دیا اور ان کی تکلیف وپریشانی کو نہ صرف محسوس کیا بلکہ اس کا مداوح بھی کیا جس پر ہم ان کے بے حد ممنون ومشکور ہیں۔بابر خان غوری کی آمد کی اطلاع ملتے ہی علاقے کے پختون معززین بھی حیات خان کے گھر پہنچے گئے جنہوں نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے بچے کے علاج کروانے پر دل کی گہرائیوں سے جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور انکی درازی عمر صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ بلوچستان نصیر آباد زون کی نئی 19 رکنی کمیٹی سمیت ڈیرہ مراد جمالی، ڈیرہ اللہ یار، واستہ محمد، بھاگ اور صحبت پور اڈھاؤ تحصیلوں کی تنظیم نو کا اعلان کردیا گیا

نصیر آباد۔۔۔22 جنوری،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ بلوچستان نصیر آباد زون کی نئی 19 رکنی کمیٹی سمیت ڈیرہ مراد جمالی، ڈیرہ اللہ یار، اوستہ محمد، بھاگ اور صحبت پور اڈھاؤ تحصیلوں کی تنظیم نو کا اعلان کردیا گیا ہے۔اعلان کے مطابق نصیر آباد زون کے انچارج شہباز خان عمرانی، جوائنٹ انچارجز امداد حسین مری، محمد بخش رند اور اسد بلوچ ہونگے۔اس سلسلے میں گزشتہ روز ایم کیوایم بلوچستان نصیر آباد زون میں جنرل ورکرز اجلاس منعقد ہوا جس سے ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی (بلوچستان) کے انچارج اسلم بلوچ نے خطاب کیا۔اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ اور فکر وفلسفے پر گامزن ہوکر ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کو انکے بنیادی حقوق دلانا چاہتی ہے۔ملک کے غریب ومظلوم عوام گزشتہ 65 سالوں سے فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ نظام میں جکڑے ہوئے ہیں جس کی وجہ سے وہ اپنے بنیادی حقوق سے محروم ہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین واحد لیڈر ہیں جنھوں نے ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ نظام کے خاتمے کیخلاف آواز حق بلند کی جس کی صدائیں پاکستان بھر میں پھیل چکی ہیں اور انشاء اللہ وہ دن دور نہیں جب ملک میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں غریب ومظلوم طبقے کا انقلاب آئے گا اور ملک میں غریب مظلوم عوام کی حکمرانی قائم ہوگی۔بعدازاں اسلم بلوچ نے ایم کیوایم بلوچستان نصیر آباد زون اور تحصیلوں کمیٹیوں کے نومنتخب ذمہ داران وکارکنان کو مبارکباد بھی پیش کی۔

## معروف قانون دان سید شجاعت گیلانی مسلم لیگ (ن) سے مستعفی ہوکر ایم کیوایم میں شامل ہونے پر مظفر آباد زون کے انچارج واراکین کی مبارکباد

مظفر آباد۔۔۔۔22 جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ مظفر آباد کی زونل کمیٹی وڈسٹرکٹ کمیٹی کے ممبران نے مظفر آباد کے معروف قانون دان سید شجاعت گیلانی کو مسلم لیگ (ن) سے مستعفی ہوکر ایم کیوایم میں شامل ہونے پر مبارکباد دی ہے اور اس امید کا اظہار کیا ہے کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور انقلابی پیغام کی تبلیغ میں اہم کردار ادا کریں گے۔ایم کیوایم مظفر آباد کے میڈیا سیل سے جاری کردہ ایک اعلامیہ کے مطابق زونل کمیٹی کے ذمہ داران راجہ صباء، خورشید کیانی، عبدالقیوم، ملک مصطفیٰ، عمران پذیر، ندیم کھوکھر ڈسٹرکٹ کمیٹی کے ذمہ داران، راجہ امتیاز، سہیل سعید خان، رفاقت کاظمی امجد بٹ اور دیگر نے سید شجاعت گیلانی کو حق اور سچ کا ساتھ دینے کا جرات مندانہ فیصلہ کرنے پر دلی مبارکباد بھی دی۔

## آزادکشمیر کے شعبہ ٹرانسپورٹ کو عوام دوست بنانے کا عزم کر رکھا ہے، طاہر کھوکھر

## اسلام آباد میں صحافیوں سے بات چیت

اسلام آباد۔۔۔۔۔۔22 جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے رکن وزیر ٹرانسپورٹ آزادکشمیر طاہر کھوکھر نے کہا ہے کہ آزادکشمیر میں ٹریفک قوانین کو جدید ضروریات سے ہم آہنگ کرنے کے لیے ان میں ضروری ترامیم کی جارہی ہیں اور ٹریفک حادثات کی شرح کم کرنے کے لیے قوانین میں بنیادی تبدیلیوں کی ضرورت ہے۔ اسلام آباد میں صحافیوں سے بات چیت کے دوران وزیر ٹرانسپورٹ آزادکشمیر طاہر کھوکھر نے کہا کہ کابینہ نے ٹریفک حادثات میں مرنے اور زخمی ہونے والے افراد کے خاندانوں کے لیے سرکاری طور پر ملنے والے معاوضہ کی شرح میں اضافہ کی منظوری دے دی ہے، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کی شرح کم کرنے کے لیے جرمانے میں اضافہ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ آزادکشمیر کے شعبہ ٹرانسپورٹ کو عوام دوست بنانے کا عزم کر رکھا ہے اسمیں رکاوٹیں ڈالنے کی کوشش کرنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹیں گے۔ انہوں نے کہا کہ آزادکشمیر کے تمام بین الاضلاعی اور لوکل روٹس پر کرایوں کا از سر نو تعین کیا جارہا ہے اس میں ٹرانسپورٹروں کی مشاورت بھی شامل رہے گی مگر سرکاری کرایہ ناموں پر عملدر آمد نہ کرنے والے ٹرانسپورٹروں کو معاف نہیں کریں گے۔ سرکاری کرایہ ناموں کے نفاذ میں غفلت کا مظاہرہ کرنے والے سرکاری افسران کے خلاف بھی کاروائی کی جائے گی۔

## ایم کیو ایم سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے رکن وحق پرست وزیر ٹرانسپورٹ طاہر کھوکھر سندھ کے چھ روزہ دورے پر روانہ ہوں گے

اسلام آباد۔۔۔۔۔۔22 جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے رکن وحق پرست وزیر ٹرانسپورٹ طاہر کھوکھر آج سندھ کے چھ روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔ اپنے دورے کے دوران طاہر کھوکھر کراچی، حیدرآباد سمیت اندورن سندھ کے اضلاع، میر پور خاص، جامشورو، گھوٹکی، سکھر لاڑکانہ اور دیگر اضلاع کا دورہ کر کے وہاں مقیم مہاجرین جموں وکشمیر کے وفود سے ملاقاتیں کریں گے اوران کے مسائل سنیں گے۔ اس کے علاوہ حق پرست وزیر 27 جنوری کو سکھر میں ہونے والے ایم کیو ایم کے عظیم الشان جلسہ عام میں بھی شرکت کریں گے جبکہ اپنے دورے کے دوران وہ جلسہ عام کے حوالے سے مختلف اضلاع میں کشمیریوں کی کارنر میٹنگز سے بھی خطاب کریں گے۔

☆☆☆☆☆